NYC Department of Social Services
OFFICE OF CIVIL JUSTICE

# NYC آفس آف سول جسٹس پروگرامز بے دخلی کا سامنا کرنے والے کرایہ داروں کے لیے قانونی خدمات تک یونیورسل رسائی فراہم کرنے کے لیے ہے

2017 میں، نیویارک سٹی کونسل نے مقامی قانون 136 پاس کیا، جس کو اب NYC ایڈمنسٹریٹو کوڈ کے ٹائٹل 26 کے باب 13 کے بطور کوڈ کیا گیا ہے، جو نیویارک سٹی کے تاریخی یونیورسل ایکسس ٹو کونسل لاء کے بطور بھی معروف ہے، جو ہاؤسنگ کورٹ میں بے دخلی کا یا نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) کی انتظامی کارروائیوں میں کرایہ داری کے خاتمے کا سامنا کرنے والے کرایہ داروں کے لیے قانونی خدمات تک رسائی فراہم کر کے آفس آف سول جسٹس (Office of Civil Justice, OCJ) کا کام کرتا ہے۔ قانون کا تقاضا ہے کہ سول جسٹس کے رابطہ کار (Civil Justice Coordinator) ان پروگراموں کے بارے میں سفارشات اور تاثرات موصول کرنے کے لیے ایک سالانہ میٹنگ کا اہتمام کریں۔

## سماعت کب اور کہاں پر ہے؟

**بدھ، 29 جنوری 2025**
**6 بجے شام تا 9 بجے رات**
**سماعت فاصلاتی طور پر Zoom کے ذریعے ہوگی**

## میں کس طرح شرکت کر سکتا ہوں؟

کوئی بھی عوامی سماعت میں آن لائن یا بذریعہ فون شرکت کر سکتا ہے۔ قانونی خدمات تک عالمگیر رسائی (Legal Services program) پروگرام کی بابت آپ درج ذیل کی معرفت تبصرے یا تاثرات فراہم کر سکتے ہیں:

### عوامی سماعت

آپ 28 فروری 2025 کو یا اس سے پہلے **929-221-5422** پر کال کر کے یا civiljustice@hra.nyc.gov پر ای میل کر کے عوامی سماعت میں بولنے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ اسپیکرز نے جس ترتیب میں سائن اپ کیا ہو، اسی ترتیب میں انہیں بلایا جائے گا اور آپ تین منٹ تک بول سکتے ہیں۔

**آن لائن (ویڈیو اور آڈیو):**
https://www.zoomgov.com/j/1617738466 پر جائیں
یا Zoom.us پر جائیں۔ "میٹنگ میں شامل ہوں" پر کلک کریں۔ **میٹنگ ID درج کریں: 161 773 8466**

**بذریعہ فون (صرف آڈیو):**
**(646) 828-7666** پر کال کریں۔ پوچھے جانے پر، درج کریں: **میٹنگ ID: 161 773 8466**

**میل** آپ تحریری تبصرے درج ذیل پتہ پر میل کر سکتے ہیں:

Office of Civil Justice / ATTN:HEARING COMMENTS
NYC DSS Office of Legal Affairs
150 Greenwich Street, 38th Floor
New York, NY 10007

**ای میل** آپ تحریری تبصرے civiljustice@hra.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں
براہ کرم اپنی ای میل کی موضوع والی سطر میں "(سماعتی تبصرے) Hearing Comments" لکھیں۔

**تحریری تبصرے جمع کرانے کی آخری تاریخ 29 جنوری 2025 ہے**

**اگر آپ کو سماعت میں شرکت کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے،** جیسے مترجم یا معذوری کی وجہ سے مناسب سہولت، تو آپ کو ہمیں 28 نومبر 2025 تک ضرور بتا دینا چاہیے۔ آپ ہمیں **929-221-5422** پر کال کر سکتے ہیں؛ civiljustice@hra.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں یا مذکورہ بالا پتہ پر بذریعہ ڈاک ہمیں بتا سکتے ہیں۔

**سماعت کی ایک نقل** حرفی سماعت کے چند ہفتے بعد، OCJ کی ویب سائٹ، nyc.gov/civiljustice پر عوام کو دستیاب کرائی جائے گی۔

مزید معلومات کے لیے، OCJ کی ویب سائٹ، nyc.gov/civiljustice ملاحظہ کریں

POST-223 (U) 12/27/2024
(E) rev. 12/24